روزنامہ (1913ء سے جاری شدہ) FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 23 جولائی 2015ء 6 شوال 1436 ہجری 23 وفا 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 166

نفلی روزے

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوائے رمضان کے کبھی پورے مہینے کے روزے نہیں رکھے اور آپؐ روزے رکھتے یہاں تک کہ کہنے والا کہتا: بخدا آپؐ روزہ نہیں چھوڑیں گے اور روزہ چھوڑتے یہاں تک کہ کہنے والا کہتا: بخدا آپؐ روزہ نہیں رکھیں گے۔

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب مایذکر من صوم النبی حدیث نمبر:1835)

عیدالفطر کا فلسفہ: عید کی حقیقی خوشی خدا تعالیٰ کی رضا کو ہمیشہ مقدم رکھنے میں ہی ہے

عملی طور پر اطاعت کا نمونہ تا زندگی دکھانا ضروری ہے

نرا زبان سے بیعت کا اقرار کچھ فائدہ مند نہیں۔ کوشش کرو اور دعائیں مانگو کہ خدا تعالیٰ تمہیں صادق بنا دے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ عیدالفطر فرمودہ 19 جولائی 2015ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ عیدالفطر کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 19 جولائی 2015ء کو بیت الفتوح لندن میں نماز عیدالفطر پڑھائی اور اس کے بعد پاکستانی وقت کے مطابق 2:45 بجے خطبہ عیدالفطر ارشاد فرمایا۔ حضور انور کا خطبہ عیدالفطر ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعہ عالمگیر جماعت احمدیہ کے کروڑوں افراد نے سنا اور دیکھا۔ حسب معمول اس خطبہ کا رواں ترجمہ مختلف زبانوں میں نشر کیا گیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ انسانی فطرت کے مطابق دین حق نے آج کا دن خوشی منانے کے لئے مقرر کیا ہے۔ یہ دن اسی بابرکت مہینہ کے بعد آتا ہے جب خدا کے فرمانبردار بندوں نے خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے اپنی جانوں پر کچھ سختیاں وارد کیں اور بعض جائز باتوں سے بھی رکے رہے۔ تاکہ خدا کی رضا حاصل ہو۔ آج اس مہینہ کی شکر گزاری پر یہ خوشی کا دن منانے کا حکم دیا گیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو خوشی منانے کی اجازت دی تو ساتھ ہی خوشی کی حدود بھی مقرر فرما دیں۔ جہاں فطرت کے تقاضا کے ماتحت مل جل کر خوشی منانے کی اجازت دی وہاں بندگی کے تقاضوں اور زندگی کے مقصد کی طرف بھی توجہ دلائی۔

حضور انور نے فرمایا کہ کسی اور مذہب میں اس طرح مذہبی طور پر خوشی منانے کا دن اور اس کے طریق بیان نہیں ہوئے۔ اس عید میں انسان کی پیدائش کے حقیقی مقصد کو سامنے رکھ کر خدا کی عبادت بجالانے اور خدا تعالیٰ کی باتیں سننے کے کام کو سامنے رکھا۔ عید کی نماز میں بھی ثواب رکھا۔ لہو ولعب کی تعلیم نہیں دی بلکہ ذکر الٰہی ہماری عیدوں کا لازمی حصہ ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ اس دن اللہ تعالیٰ نے دوسرے دنوں سے بڑھ کر عبادت اور ذکر الٰہی کی تلقین کی۔ اس میں اس طرف توجہ دلائی کہ خوشیوں میں مصروف ہو کر نمازوں سے غفلت نہ ہو۔ لہو ولعب میں پڑ کر اپنے مقصد پیدائش کو نہ بھول جائیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہم پر اللہ تعالیٰ کا احسان ہے کہ ہمیں مسیح موعود کے زمانے میں پیدا کیا اور پھر ہمیں مسیح موعود کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی۔ زمانے کے امام کو ماننے کے کچھ تقاضے ہیں۔ صرف یہ کافی نہیں کہ خدا کے فرستادہ کو مان لیا۔ بلکہ ایمان کو سنوارنے اور امام وقت کی توقعات پر پورا اترنے کے لئے حقیقی کوششیں کرنا ضروری ہے۔ یعنی عملی طور پر اطاعت کا نمونہ دکھانا ضروری ہے۔ حضرت مسیح موعود نے شرائط بیعت میں تا زندگی اطاعت کرنے کا عہد لیا ہے۔ اس کی پاسداری کرنی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت سے چند توقعات رکھی ہیں۔ جن میں چند ایک باتیں آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص جماعت میں شامل ہونا چاہتا ہے تو چاہئے کہ اپنے اوپر ایک موت وارد کرے۔ نفسانی اغراض سے بچے، بیہودہ کاموں سے دور رہے۔ فرمایا کہ نفس کا بھی حق ہے لیکن نفس کے فائدہ یا اسے خوش کرنے کے لئے اس حد تک نہ چلا جائے کہ سچائی کو چھوڑ دے اور حلال حرام کی تمیز نہ رہے۔ خدا نے جو حدود قائم فرمائی ہیں ان کا خیال رکھو۔

حضور انور نے فرمایا کہ اگر ہماری جماعت کی اکثریت بھی ان باتوں پر عمل کرنے لگے اور تھوڑے نہ کریں تو یہ بھی درست نہیں۔ جماعت افراد سے بنتی ہے اور اگر چند افراد جماعت کی طرف منسوب ہو کر جھوٹ، فریب اور دھوکہ دہی میں ملوث ہوں تو اس سے جماعت بدنام ہوتی ہے۔ بعض لوگ ایسے لوگوں کو دیکھ کر اعتراض کرتے ہیں کہ اگر جماعت کے افراد بھی برائیوں میں مبتلا ہیں تو پھر جماعت میں شامل ہونے کا کیا فائدہ۔ ان اعتراضات سے بچنے کے لئے تمام افراد جماعت کو اپنی اصلاح کرنی چاہئے۔ کیونکہ ایک مچھلی بھی پورے تالاب کو گندہ کر دیتی ہے۔ اس لئے حقیقی خوشی تبھی ہے جب ساری جماعت کی اصلاح ہو۔ اس کی کوشش کرنی چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے یہ تلقین فرمائی ہے کہ نرا زبان سے اقرار کچھ فائدہ مند نہیں۔ بلکہ کوشش کرو اور دعائیں مانگو کہو فا کا تقاضا یہ ہے کہ اگر جان بھی چلی جائے تو پھر بھی خدا کو مقدم رکھا جائے۔ جیسے حضرت شہزادہ عبداللطیف شہید نے کیا۔ اصل قربانی یہی ہے کہ

باقی صفحہ 2 پر

خلیفۂ وقت کی آواز

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

''اگر خلیفہ وقت کی باتوں پر کان نہیں دھریں گے تو آہستہ آہستہ نہ صرف اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کے فضلوں سے دور کر رہے ہوں گے۔ بلکہ اپنی نسلوں کو بھی دین سے دور کرتے چلے جائیں گے۔''

(خطبات مسرور جلد 8 ص 191)

☆.................☆.................☆

داخلہ مدرسۃ الحفظ ربوہ

برائے نابینا بچگان

ربوہ میں رہائش پذیر نابینا بچوں اور بچیوں کو قرآن کریم حفظ کروانے کیلئے مدرسۃ الحفظ میں مورخہ یکم ستمبر 2015ء سے کلاس کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ حفظ کے خواہشمند بچوں اور بچیوں کے والدین درج ذیل کوائف اور درخواست پر صدر صاحب کی تصدیق کے ساتھ مورخہ 10 اگست 2015ء تک مدرسۃ الحفظ ارسال کر دیں۔

کوائف

1۔ نام، ولدیت
2۔ عمر (برتھ سرٹیفیکیٹ کی فوٹو کاپی لف کریں)
3۔ ایڈریس مع فون و موبائل نمبر

اہلیت

1۔ امیدوار کی عمر 11 سے 14 سال کے درمیان ہو۔ اس سے کم اور زائد عمر والے بچوں اور بچیوں کو داخلہ نہیں دیا جائے گا۔

2۔ ابتدائی انٹرویو مورخہ 16 اگست 2015ء بروز اتوار مدرسۃ الحفظ میں صبح 9 بجے ہو گا۔

3۔ انٹرویو میں کامیاب امیدواران کو چھ ماہ کے لئے عارضی طور پر داخلہ دیا جائے گا۔ چھ ماہ کی کارکردگی کی بنیاد پر حتمی داخلہ دیا جائے گا۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

بقیہ از صفحہ 1: خلاصہ خطبہ عید

مسلسل قربانی دیتے چلے جائیں اور وفا کے ساتھ عہد کو پورا کریں۔ جو کمزوریوں کو پیش کرتے ہیں۔ اور جماعتی پروگرام میں شامل نہیں ہوتے وہ وفا دار اور سچے نہیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جو دوسروں کو نصیحت کرتے ہیں خود عمل نہیں کرتے وہ بے عمل ہیں۔ ہم نے دعوت الی اللہ بھی کرنی ہے۔ اس لئے اس بات سے جماعت کو پرہیز کرنی چاہئے۔ ہر اجنبی جو ملتا ہے وہ روح اخلاق کو دیکھتا ہے۔ اگر اخلاق عمدہ نہیں تو تمہارے ذریعہ سے ٹھوکر کھاتا ہے۔ یہ معیار عمدہ کرنے ہیں، خدا کو مقدم رکھنا ہے تو یہ ایمان رکھیں کہ خدا ہمیں دیکھتا ہے۔ حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو اس لئے بھیجا ہے کہ ایسی جماعت تیار کی جائے جو اللہ سے محبت کرے۔ اس کے لئے اعمال بجالانا اور دعا کرنا ضروری ہے۔ اس میں بھی دراصل وہی بات ہے کہ خدا کو مقدم رکھا جائے۔ یاد رکھیں یہ جماعت اس لئے نہیں بنی کہ آرام سے زندگی گزارے۔ جو شخص آرام دہ زندگی چاہتا ہے خدا تعالیٰ اس سے بیزار ہے۔

حضور انور نے صحابی رسول کریم ﷺ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا واقعہ بیان فرمایا کہ آپ بہت مالدار تھے اور کاروبار میں خدا تعالیٰ نے بہت برکت دی ہوئی تھی۔ جب دنیا کی نعمتیں میسر آتیں تو رونے لگتے کہ آنحضرت ﷺ کے دور میں صحابہ پر کتنی مشکلات آتی تھیں مگر وہ قربانیاں کرتے رہے۔ اور خدا کی رضا کو مقدم رکھتے تھے۔ آپؓ بہت سخی بھی تھے۔ ایک دفعہ سات سو اونٹ مع غلہ و دوسرا سامان خدا کی راہ میں دے دیا۔ پھر عابد بھی تھے، نمازیں خشوع وخضوع سے ادا کرتے تھے۔ کام کر رہے ہوتے جونہی اذان کی آواز کان میں پڑتی تو نماز کیلئے حاضر ہو جاتے۔ اس دنیا کو، دنیا کے کاروبار کو اپنے اوپر حاوی نہیں ہونے دیا۔ صاحب ثروت اور امیر لوگوں کو اور دنیا داری میں مصروف لوگوں کو یاد رکھنا چاہئے کہ حضرت مسیح موعود ہم سے یہی چاہتے ہیں کہ خدا تعالیٰ مقدم ہو۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے یہ بھی تعلیم دی ہے کہ ہماری جماعت کو قیل وقال پر نہیں رہنا چاہئے۔ صرف زبانی باتیں ہی نہ کریں بلکہ تزکیہ نفس اور اصلاح بہت ضروری ہے۔ دین حق ایک درخت ہے اور تم اس کی شاخ ہو۔ سو استقامت سے اس کی حفاظت کرو۔ وہی شاخ درخت کو سجاتی ہے جو سرسبز ہو۔ سو تم سچے وفادار ہو کر دین حق کی خوبیوں اور کمالات کو دنیا میں پھیلاؤ۔

حضور انور نے فرمایا کہ دنیا میں بہت سی آلائشیں ہیں۔ اور کوئی بھی خدا کے فضل کے بغیر ان آلائشوں سے بچ نہیں سکتا۔ سو تم اپنے نفس کو گند سے پاک رکھو۔ اور وہ نمونہ دکھاؤ جس سے حضرت مسیح موعود کی بعثت کا مقصد پورا ہو۔

حضور انور نے فرمایا قرآنی تعلیم کے مطابق اور نیکی کے اعلیٰ معیار کو قائم کرنے کے نمونے دکھاؤ۔ دنیا بے چین ہے۔ اور بغیر نمونے کے دنیا کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے۔ اس لئے آج بہت ضرورت ہے کہ دین حق کی اصل اور حقیقی تعلیم کو دنیا پر ظاہر کرنے کے لئے ہر احمدی اچھا اور نیک نمونہ دکھائے۔ ہم نے یہی اصل چہرہ لوگوں کو دکھانا ہے۔ اس لئے اس کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے نمونہ پیش کرنے کی ضرورت ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔ مستقل نمونہ قائم ہوگا تو نمونہ قائم ہو گا۔ اپنا جائزہ لیتے ہوئے، پاک تبدیلی کرتے ہوئے اپنی کوششوں کو وسعت دیتے ہوئے تڑپ تڑپ کر دعائیں کریں۔ دنیا کی بے حیائیاں خدا کے عذاب کو بلا رہی ہیں ہم نے انسانیت کو حقیقی خوشی کا ادراک اور فہم عطا کرنا ہے کہ کس طرح حقیقی خوشی اور تسکین حاصل ہوتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ ہم کو توفیق دے کہ ہم اپنی ذمہ داری کو آج بھی نبھائیں، کل بھی نبھائیں اور ہمیشہ نبھاتے چلے جائیں۔ پاکستان کے لئے، اسیران کے لئے، مشکلات میں گرفتار لوگوں کیلئے دعائیں کریں کہ خدا سب کو مشکلات سے نکالے اور حقیقی خوشی عطا فرمائے سب دنیا کو بہت بہت عید مبارک ہو۔ اللہ تعالیٰ ان کو حقیقی خوشیاں عطا کرتا چلا جائے۔ آمین

اس کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔

الٰہی جلال اور قدرتی نظارہ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''حضرت مسیح موعود کی تحریروں کی روانی کی مثال ایسی ہے جیسے پہاڑوں پر برسا ہوا پانی بہتا ہے بظاہر اس کا کوئی رخ معلوم نہیں ہوتا مگر وہ خود اپنا رخ بناتا ہے۔ **حضرت مسیح موعود کی تحریروں میں الٰہی جلال ہے اور وہ تصنع سے بالا ہے** جس طرح پہاڑوں کے قدرتی مناظر ان تصویروں سے کہیں زیادہ دلفریب ہوتے ہیں جو انسان سالہا سال کی محنت سے تیار کر کے میوزیم میں رکھتا ہے اسی طرح حضرت مسیح موعود کی عبارت بھی سب سے فائق ہے۔ انسان کتنی محنت سے پہاڑ کی تصویر تیار کرتا ہے مگر کیا وہ پہاڑ کے اصل نظاروں کا کام دے سکتی ہے۔ لاکھوں روپیہ کے صرف سے سمندروں کی تصویریں تیار کی جاتی ہیں مگر جب سمندر جوش میں ہو تو کیا اس وقت کے نظاروں کا کام تصویر دے سکتی ہے۔ تصویر کے اندر نہ وہ دلکشی ہوسکتی ہے اور نہ ہیبت وشوکت۔ اسی طرح باقی سب تحریریں تصویریں ہیں مگر حضرت مسیح موعود کی تحریرات قدرتی نظارہ''۔

(الفضل 16 جولائی 1931ء)

غزل

کہیں سورج نکلتا ہے کہیں پہ رات چلتی ہے
کسی کی جیت چلتی ہے کسی کی مات چلتی ہے

کبھی صحرا پہ دل کے ایک قطرہ تک نہیں گرتا
کبھی ساون سے بڑھ کر آنکھ کی برسات چلتی ہے

کسی کی داستاں سن کر بھی ہنکارہ نہیں بھرتا
کسی سے گفتگو دلدار کی دن رات چلتی ہے

مری اوقات کیا کہ آپ خود ہی فیصلے کر لوں
کہ دھڑکن تک تو دل کی حسبِ ارشادات چلتی ہے

ارادہ تم جو کر لو کون اس کو ٹال سکتا ہے
تمہارے آگے کب جاناں کسی کی بات چلتی ہے

ہیں ہم محتاج ہر اِک خیر کے جو دو گے لے لیں گے
تہی دستوں کی جھولی میں ہر اک خیرات چلتی ہے

بھٹکنے اور گرنے کا اسے خدشہ نہیں رہتا
سنبھالے جس کو ہر پل ہر قدم وہ ذات چلتی ہے

سمندر کی تہوں میں جس طرح ہلچل سی رہتی ہے
تہہ ِدل یوں ہی لہرِ شورشِ جذبات چلتی ہے

کسی بھی روک کو کب اہلِ دل تسلیم کرتے ہیں
محبت میں کہاں پابندی اوقات چلتی ہے

چلو کہ آج ہم ہر گھر میں جا کر پیار بانٹ آئیں
غریبوں کے محلے میں یہی سوغات چلتی ہے

ہو دل ہی مضمحل تو کیسے جذبوں میں روانی ہو
کہ دولہا ہو چکے تیار تو بارات چلتی ہے

وساوس، خوف، اندیشے، مسائل، الجھنیں، فکریں
نہ جانے کب تلک یہ صورتِ حال چلتی ہے

دعا کے ہی اگر ہتھیار سے ہم کام نہ لیویں
تو پھر تدبیر ہی کوئی نہ کوئی گھات چلتی ہے

صاحبزادی امۃ القدوس

مکرم ڈاکٹر مرزا سلطان احمد صاحب

”آئین کے اغراض و مقاصد“ کے بارے میں

چوہدری ظفراللہ خان صاحب کی ایک تقریر

اصل حقائق

7 مارچ 1949ء کو پاکستان کی قانون ساز اسمبلی میں Aims and Objects of the Constitution کی قرارداد پیش کی گئی اور چند روز کی بحث کے بعد اسے منظور کرلیا گیا۔ مسلم لیگ سے وابستہ تمام مسلمان ممبران اسمبلی نے اس کے حق میں ووٹ دیئے اور اس وقت اسمبلی میں موجود اپوزیشن کے وہ معزز ممبران اسمبلی جو کہ ہندو مذہب سے تعلق رکھتے تھے، انہوں نے اس میں ترامیم پیش کیں جو کہ کثرتِ رائے سے نامنظور کی گئیں اور ان اراکین اسمبلی نے اس قرارداد کے خلاف رائے دی۔ یہ قرارداد تاریخ میں قراردادِ مقاصد کے نام سے مشہور ہے۔ اور پاکستان کے آئین کی تمہید (Preamble) کے الفاظ اسی قرارداد پر مشتمل ہیں۔

گزشتہ ایک دہائی میں اس قرارداد کے حوالے سے مختلف آراء کا اظہار ہوتا رہا ہے۔ اور جب اس قرارداد پر بحث طویل ہوئی تو اس کے ساتھ ان تقاریر پر بھی بحث ہوئی جو کہ اس وقت کی گئی تھیں جب اس قرارداد کو اسمبلی میں پیش کیا گیا تھا۔ مختلف کتب اور مختلف مضامین میں اس بحث کے اقتباسات تو درج کیے گئے لیکن چونکہ پڑھنے والے کے سامنے عموماً ان تقاریر کا مکمل متن نہیں ہوتا، اس لیے بہت سی خلافِ واقعہ باتیں مشہور ہوئیں اور بعض ایسے حقائق جو سامنے آنے ضروری تھے وہ سامنے نہیں آئے۔ کسی بھی قانونی، آئینی یا تاریخی موضوع پر ہمیشہ مختلف آراء کا اظہار ہوتا ہے اور ایسا ہونا بھی چاہیے۔ لیکن یہ ایک المیہ ہے کہ بسا اوقات ایک تاریخی واقعہ کے متعلق خلاف واقعہ باتیں مشہور ہونے لگتی ہیں اور رفتہ رفتہ پڑھا لکھا طبقہ بھی ان کو صحیح سمجھ کر انہیں اپنی تحریروں میں درج کر کے قابل اعتبار بنا دیتا ہے۔ اور اس طرح اصل حقائق نظروں سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔

چند ماہ پہلے پاکستان کی ایک مشہور یونیورسٹی میں ایک سیمینار تھا۔ دوسرے بہت سے شرکاء کی طرح میں بھی اس میں شریک تھا اور میری اگلی نشست پر پاکستان کے ایک مشہور مصنف تشریف رکھتے تھے۔ آخر میں جب شرکاء کی طرف سے آراء کا اظہار ہو رہا تھا تو ان صاحب نے اپنی رائے کا اظہار کیا۔ اور دوسری باتوں کے علاوہ یہ بھی کہا کہ چوہدری ظفراللہ خان صاحب نے شبیر عثمانی صاحب کے پیچھے قائداعظم کا جنازہ نہیں پڑھا کیونکہ شبیر عثمانی صاحب نے جماعتِ احمدیہ کے خلاف فتویٰ دیا ہوا تھا۔ لیکن جب قراردادِ مقاصد کو قانون ساز اسمبلی میں پیش کیا گیا تو چوہدری ظفراللہ خان صاحب نے مولانا شبیر عثمانی صاحب کا حوالہ دیا اور کہا کہ مولانا شبیر عثمانی صاحب اسلام کے عظیم عالم ہیں اور انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ اس ریاست کی بنیاد رواداری پر ہوگی۔ اس مرحلہ پر ان کے لئے یہ ممکن تھا کہ شبیر عثمانی صاحب کو سند تسلیم کرلیں جبکہ جنازہ کے وقت وہ ان کے پیچھے کھڑے نہیں ہو سکتے تھے۔ ان کے تبصرے کے دوسرے حصے بھی تھے جن کا اسی وقت ایک دوست نے مناسب جواب دے دیا تھا لیکن چونکہ اس وقت 1949ء میں کی جانے والی چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی اس تقریر کا مکمل متن مہیا نہیں تھا اس لئے اس معین حصے پر تبصرہ مناسب نہیں سمجھا گیا تھا۔ اس کے علاوہ کچھ عرصہ سے کئی احباب کی طرف سے یہ دعویٰ بھی پیش کیا جا رہا تھا کہ اسمبلی میں اس قرارداد کو چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے پیش کیا تھا اور اس قرارداد کے محرک وہی تھے۔ اس کے علاوہ یہ بحث بھی ہوتی رہی ہے کہ اُس وقت مختلف ممبرانِ اسمبلی نے مذہبی آزادی اور ضمیر کی آزادی قائم رکھنے کے لئے کیا کیا تجاویز پیش کی تھیں؟

بہر حال چونکہ اس قسم کا اظہار کرنے والوں اور سوالات اُٹھانے والوں میں ملک کے نامور محققین اور مصنفین بھی شامل ہیں، اس لئے پوری احتیاط کی گئی کہ کسی تردید سے قبل مستند طریق پر اس تقریر کا مکمل متن حاصل کیا جائے۔ چنانچہ National Archives سے با قاعدہ رابطہ کر کے اس اسمبلی کی کارروائی سے مذکورہ تقریر کا مکمل متن حاصل کیا گیا۔ چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی یہ تقریر 12 مارچ 1949 کو کی گئی تھی۔ اور اس تقریر کا متن Constituent Assembly of Pakistan Debates Vol.5 , No5 کے صفحہ 65 سے 72 پر موجود ہے۔ سب سے پہلے دو امور کی تصحیح ضروری ہے۔

1۔ یہ قرارداد چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے نہیں پیش کی تھی۔ بلکہ یہ قرارداد وزیر اعظم پاکستان جناب لیاقت علی خان صاحب نے پیش کی تھی۔ (ملاحظہ فرمائیے Constituent Assembly of Pakistan Debates, 7th March 1949, Vol 5, No 1, page 1)

2۔ اس ساری تقریر میں چوہدری ظفراللہ خان صاحب نے یہ کہیں پر نہیں فرمایا تھا کہ ہمارے میں عظیم اسلامی سکالر شبیر عثمانی صاحب موجود ہیں، اور نہ ہی کسی رنگ میں انہیں سند تسلیم کرنے یا نہ کرنے کا کوئی ذکر تھا۔ اس تقریر میں صرف ایک مقام پر شبیر عثمانی صاحب کا نام آتا ہے۔ (Vol 5, No.5 p70) اس کے معین الفاظ درج کئے جاتے ہیں۔

I have no doubt however, the constructive and statesman like pronouncement with which the honourable mover introduced the resolution served to allay apprehensions on that score. Since then several speeches made in support of resolution, notable those of Mulauna Shabbir Ahmad Osmani, Dr. Ishtiaq Hussain Qureshi, and my honourable colleague the minister of communication should have removed any lingering suspicion to which the minds of some of the honourable members may still have clung.

ترجمہ: جس تعمیری اور مدبرانہ انداز میں اس قرارداد کے محرک نے اسے پیش کیا ہے اس سے اس قسم کے خدشات کافی کم ہوئے ہوں گے۔ اور اس کے بعد بھی اس قرارداد کے حق میں بہت سی تقاریر کی گئی ہیں۔ خاص طور پر مولانا شبیر احمد عثمانی، ڈاکٹر اشتیاق احمد قریشی، اور میرے معزز رفیق کار وزیر مواصلات کی تقریر کے بعد بہت سے معزز ممبران کے ذہنوں میں جو خدشات ابھی بھی موجود ہیں وہ دور ہو جانے چاہیے تھے۔"

اس ساری عبارت میں کسی کو عظیم اسلامی سکالر یا مستند حوالہ تسلیم کرنے یا نہ کرنے کا کوئی ذکر موجود نہیں ہے۔ اس قرارداد پر بہت سے معزز ہندو اراکینِ اسمبلی نے اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا اور اس خدشہ کا اظہار کیا تھا کہ بعد میں اس کی ایسی تشریح کی جاسکتی ہے جس کے نتیجہ میں پاکستان میں اقلیتوں کی مذہبی معاشی یا سیاسی آزادی متاثر ہوسکتی ہے اور ایسی صورتِ حال پیدا ہوسکتی ہے کہ انہیں پاکستان کا برابر کا شہری تسلیم نہ کیا جائے۔ اور مسلم لیگ کے اراکینِ اسمبلی نے جن میں وزیر اعظم لیاقت علی خان صاحب بھی شامل تھے اپنی تقاریر میں ان تحفظات اور خدشات کو دور کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس ضمن میں چوہدری ظفراللہ خان صاحب کی تقریر سے قبل بہت سی تقاریر ہو چکی تھیں، جن کا ذکر اس جملہ میں کیا گیا ہے۔ اور یہ پارلیمانی روایت ہے کہ جب اپنی رائے کا اظہار کیا جاتا ہے تو اس سے قبل جو تقاریر ہو چکی ہوں، ان کا حوالہ دیا جاتا ہے۔

ہم نے یہ حقائق ان مشہور مصنف کی خدمت میں بھجوائے۔ انہوں نے جواب میں اپنے سابقہ بیان سے ایک حد تک انکار کیا اور یہ توجیہ پیش کی کہ انہوں نے اس ذکر سے یہ نتیجہ اخذ کیا تھا۔ اگرچہ بعد میں اس تقریب کی ریکارڈنگ حاصل کر کے یہ تسلی کر لی گئی تھی کہ انہوں وہی فرمایا تھا جس کا ہم ذکر کر چکے ہیں۔

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ اس قرارداد پر معزز ہندو اراکین اسمبلی نے ان تحفظات کا اظہار کیا تھا کہ اس قرارداد میں ایسی شقیں ہیں جن کے نتیجہ میں اقلیتوں کے حقوق اور ان کی مذہبی آزادی متاثر ہوگی۔ اور اس ضمن میں اس قرارداد کی یہ شقیں زیر بحث تھیں۔

مسلم لیگ سے وابستہ ممبران اسمبلی نے اپوزیشن سے وابستہ اراکین اسمبلی کے خدشات کو دور کرنے کے لیے تقاریر کی تھیں اور اس بات کا اعادہ کیا تھا کہ عقائد کے نام سے کسی کی حق تلفی نہیں ہوگی اور پاکستان میں سب برابر کے شہری شمار ہوں گے۔ جہاں تک چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی تقریر کا تعلق ہے تو مذہبی آزادی اور رواداری کے حوالے سے چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے فرمایا تھا کہ تنزل کی صدیوں میں خواہ مسلمانوں کا رویہ قرآنی احکامات کے مطابق نہ رہا ہو لیکن قرآن کریم نے مکمل مذہبی آزادی کی ضمانت دی ہے۔ آپ نے کہا۔

On the tolerance I might however say a word. It is matter for great sorrow that mainly through mistaken notion of zeal, the Muslims have during the period of decline, earned for themselves an unenviable reputation for intolerance. But that is not the fault of Islam. Islam has from the beginning proclaimed and inculcated the widest tolerance. For instance, so far as freedom of conscience is concerned the Quran says

لاا کراہ فی الدین ......۔

من شاء فلیومن ......۔

There shall be no compulsion in matter of faith An alternative rendering can also be There can no compulsion in matters of faith inasmuch faith is a matter of conscience and conscience cannot be compelled; it also signifies there need be

no compulsion in matters of faith. Guidance has been made manifest from error. Let him therefore who wills believe and let him who wills deny.

ترجمہ: ’’رواداری کے بارے میں کچھ کہنا چاہتا ہوں۔ یہ ایک نہایت ہی قابل افسوس بات ہے کہ، تنزل کے صدیوں میں جوش کی رو میں مسلمانوں نے عدم رواداری کی ایسی شہرت حاصل کی جس پر رشک نہیں کیا جا سکتا۔لیکن یہ اسلام کا قصور نہیں ہے۔اسلام شروع ہی سے مکمل رواداری کا اعلان کر رہا ہے اور اس کی تلقین کر رہا ہے۔مثلاً جہاں تک ضمیر کی آزادی کا تعلق ہے۔قرآن فرماتا ہے

لااکراہ فی الدین ......۔

(البقرہ)

من شاء فلیومن ......۔

(الکہف)

یعنی مذہب کے معاملہ میں کوئی جبر نہیں۔اس کا ایک اور مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ عقیدہ کے معاملہ میں کوئی جبر ہو ہی نہیں سکتا۔کیونکہ عقیدہ کا تعلق ضمیر سے ہے اور ضمیر کو مجبور نہیں کیا جا سکتا۔یہ آیت اس بات کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتی ہے کہ مذہب کے معاملہ میں کسی جبر کی کوئی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہدایت گمراہی سے ظاہر ہو چکی ہے۔پس جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے سوانکار کردے۔

یہ وضاحت کرنے کے لیے کہ قرآن کریم نے اور رسول اللہ ﷺ نے ضمیر اور مذہب کے معاملہ میں کتنی مکمل آزادی مرحمت فرمائی ہے، چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے رسول کریم ﷺ کی مبارک زندگی کا وہ معروف واقعہ سنایا جب نجران کے عیسائیوں کا وفد مدینہ منورہ میں حاضر ہوا تھا۔اور ایک مرحلہ پر انہیں مباہلہ کی دعوت بھی دی گئی تھی۔لیکن جب ان کی عبادت کا وقت آیا تو رسولِ کریم ﷺ نے انہیں مسجد نبوی کے احاطے میں عبادت کی اجازت مرحمت فرمائی۔

پاکستان کی آئین ساز اسمبلی میں اس قرارداد پر کیا بحث ہوئی، اس پر بہت سی کتب میں بحث کی گئی ہے۔اور اس ضمن میں چوہدری ظفر اللہ خان صاحب کی تقریر کا وہ حصہ تو درج کیا جاتا ہے جس کا ذکر ہم نے اب تک کیا ہے۔لیکن ان نکات کے علاوہ بھی اس تقریر میں بعض اہم تجاویز دی گئی تھیں ان کا ذکر ان کتب میں نہیں کیا گیا۔

(Constitutional Development In Pakistan, by G.W.Choudhury, Published by Law Inn Publishers Lahore 2005-2006,p52

Constitutional and Political History of Pakistan, by Hamid Khan, second edition 2009, published by Oxford, p 80&81)

ہم اب ان تجاویز کا ذکر کریں گے۔کوئی رائے قائم کرنے سے قبل ان کو بھی پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔

یہ روایت سنانے کے بعد چوہدری صاحب نے کہا

The recital of this incident while completely reassuring our non-muslim friends might possibly come as a shock to some of the Muslims who unfortunately have gradually drifted into an extremely narrow and bigoted outlook in these matters. But for that very reason it is worth stressing.

ترجمہ: اس واقعہ کا بیان کرنا جہاں ہمارے غیر مسلم دوستوں کے لئے تسلی کا باعث ہوگا۔وہاں اسے سن کر شاید ان مسلمانوں کو دھکا پہنچے جو کہ ان معاملات میں بہت تنگ نظری اور تعصب کا شکار ہو گئے ہیں۔لیکن یہی وجہ ہے کہ اس پر زور دینے کی ضرورت ہے۔

یہ تو نظریاتی پہلو کا اظہار تھا۔لیکن آئین سازی ایک عملی کام ہے۔اس کو صحیح سمت میں چلانے کے لئے ٹھوس تجاویز دینی پڑتی ہیں۔ آئین کی تمہید تو ایک مختصر سا اعلان ہوتا ہے۔اگر بنیادی انسانی حقوق محفوظ کرنے ہوں اور اگر سوچ، فکر اور عقیدہ کی آزادی کو یقینی بنانا ہو تو اس کے لئے آئین میں ایسی شقیں رکھنی پڑتی ہیں جن کے ہوتے ہوئے ان بنیادی انسانی حقوق پر کوئی آنچ نہ آسکے۔

یہاں ان تین پہلوؤں کا جائزہ لینا ضروری ہے۔

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ اپوزیشن کے بعض ہندو اراکینِ اسمبلی، اس وقت ان خدشات کا اظہار کر رہے تھے کہ اس قرارداد میں غیر مشروط سیاسی، فکری اور مذہبی آزادی کو یقینی نہیں بنایا گیا اور اس بارے میں خدشات پیدا ہو رہے ہیں کہ اقلیتوں کو مساوی حقوق نہیں ملیں گے۔ان اراکین اسمبلی کو چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے اپنی تقریر میں کیا مشورہ دیا تھا۔کیا انہیں مطالبہ ترک کر دینا چاہئے کہ اس پر اصرار کرنا چاہئے۔

جہاں تک اس نکتہ کا تعلق ہے تو خدشات کا اظہار کرنے والے ممبران اسمبلی کو مذہبی آزادی اور مساوی حقوق کے بارے میں اس تقریر میں یہ مشورہ دیا گیا تھا۔

If I may be permitted, Sir, humbly to offer a word of counsel to my non-Muslim friends it would be to urge them to insist that the ideals set up by Islam before the Muslims and indeed before mankind in all these spheres should be fully carried into practice..

’’اگر اجازت ہو تو میں اپنے غیر مسلم دوستوں کو یہ عاجزانہ مشورہ دینا چاہتا ہوں کہ وہ مسلمانوں سے یہ اصرار کریں کہ اس ضمن میں اسلام نے مسلمانوں بلکہ تمام انسانیت کے لئے جو اعلیٰ معیار تجویز کئے ہیں، ان تمام معاملات میں ان پر پورا پورا عمل ہونا چاہئے۔‘‘

اس بارے میں کیا رائے دی گئی تھی کہ آئین ساز اسمبلی کو اب ان بنیادی حقوق کے تحفظ کیلئے کیا کرنا چاہئے کہ اس قرار داد کے نتیجہ میں ایسی صورتِ حال نہ پیدا ہو جس سے اقلیتوں کے حقوق متاثر ہوں۔

اس کے بارے میں چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے خدشات کا اظہار بھی کیا تھا اور اس کا آئینی حل بھی تجویز کیا تھا۔آپ نے کہا

But what is to be feared is that in place of the ideals set up by Islam, people may fall into the error of substituting tinsel imitations and narrow bigotries. That apprehension would apply particularly to freedom of thought and tolerance and it would behove both this assembly upon whom the responsibility of framing the constitution ultimately rests and leaders of the Muslim opinion generally to see that the ideals set up by Islam in this and other fields that may properly and legitimately fall within purview of the constitution, are faithfully and fully adhered and given effect to.

ترجمہ: لیکن خوف اس بات کا ہے کہ اسلام کے قائم کردہ اعلیٰ معیار کی بجائے لوگ مصنوعی تقلید، تنگ نظری اور تعصب کے راستہ پر چل پڑیں۔اور یہ خدشات سب سے زیادہ سوچ کی آزادی اور برداشت کے بارے میں پائے جاتے ہیں۔سب سے پہلے اس اسمبلی، جس پر آئین بنانے کے ذمہ واری ہے اور پھر مسلمانوں کے قائدین کا یہ فرض ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ اعلیٰ معیار جنہیں اسلام نے قائم کیا ہے قانونی طور پر آئین کے متن کا حصہ بنیں۔اور ان کی مکمل پابندی کی جائے اور ان پر پورا عمل درآمد کیا جائے۔

جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ اس وقت مسلم لیگ کے اراکین نے اقلیتی اراکین کے خدشات دور کرنے کے لئے کچھ یقین دہانیاں کرائی تھیں کہ اس قرارداد کی ایسی تشریح نہیں کی جائے گی جس کے نتیجہ میں مذہبی آزادی متاثر ہو یا ایسی صورتِ حال پیدا ہو کہ اقلیتوں کے حقوق متاثر ہوں یا اس بارے میں اپوزیشن کے اراکین کا موقف تھا کہ اس وقت تو یہ یقین یاد دہانیاں کرائی جا رہی ہیں لیکن بعد میں آنے والی نسلیں اس قرارداد کی ایسی تشریح کر سکتی ہیں جن سے یہ حقوق متاثر ہوں۔ یہ تجزیہ کرنا ضروری ہے کہ اس تقریر میں اس بارے میں کیا رائے دی گئی تھی۔

اس پہلو کے بارے میں چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے فرمایا تھا۔

An apprehension was expressed that the explanations and assurances furnished and given on the floor of the house may be adequate, but may be disregarded and ignored by the successors of those by whom they are being furnished and given. But this overlooks the procedure that is proposed to be followed. As soon as the resolution is adapted, the house will be invited to set up a committee for the purpose of formulating, concrete proposals based upon the resolution, embodying the main principles on which the constitution is to be framed. Those proposal will then come before the house and after the house has adapted those proposals with such modifications as it chooses to make, further steps will be taken to draft the constitution in accordance with those proposals. It should thus be clear that the explanations furnished and the assurances given during the course of this debate will be reflected in the concrete proposals which the committee soon to be set up by the house will frame; and the proposals will in turn be translated into the provisions of the constitution.

ترجمہ: اس خدشہ کا اظہار کیا گیا ہے کہ اس ایوان میں جو وضاحتیں پیش کی گئی ہیں اور جو یقین

دہانیاں کرائی گئی ہیں شاید کافی ہوں لیکن ہوسکتا ہے کہ جو یہ یقین دہانیاں کرار ہے ہیں ان کے بعد آنے والے انہیں فراموش کر دیں یا نظر انداز کر دیں۔لیکن اس کے بعد جو طریقہ کار تجویز کیا جا رہا ہے اس کی طرف توجہ نہیں کی جا رہی۔ جونہی یہ قرارداد منظور ہوتی ہے، اس ایوان کو دعوت دی جائے گی کہ وہ ایک کمیٹی قائم کرے۔یہ کمیٹی کچھ ٹھوس تجاویز تیار کرے گی۔یہ تجاویز ایوان میں پیش کی جائیں گی اور یہ ایوان ان میں اگر کوئی تبدیلی کرنا چاہے تو ان تبدیلیوں کے بعد یہ تجاویز منظور کی جائیں گی۔اور پھران ٹھوس تجاویز کے مطابق آئین تیار کیا جائے گا۔اس بات کو واضح ہونا چاہئے کہ اس ایوان میں جو وضاحتیں پیش کی گئی ہیں اور جو یقین دہانیاں کرائی گئی ہیں وہ ان ٹھوس تجاویز میں شامل کی جائیں گی جنہیں اس ایوان کی قائم کردہ کمیٹی جلد تیار کرے گی۔اور ان تجاویز کو آئین کے متن میں شامل کیا جائے گا۔

اس وقت آئین سازی کے لئے یہ طریقہ کار اختیار کیا جا رہا تھا کہ ایک کمیٹی Basic Principles Committee قائم ہونی تھی۔اس کمیٹی نے آئین کا ڈھانچہ تیار کرنا تھا۔اور اس کے مطابق پھر مکمل آئین نے تیار ہونا تھا۔چوہدری صاحب کی اس تقریر میں یہ تجویز پیش کی گئی تھی کہ اپوزیشن کے اراکین نے اس خدشہ کا اظہار کیا ہے کہ اس وقت تو مسلم لیگ کے اراکین یہ یقین دہانیاں کرار ہے ہیں کہ اقلیتوں کو مذہبی آزادی ہوگی اور وہ ہر طرح اس ملک کے مساوی شہری ہوں گے لیکن یہ تو زبانی وعدے ہیں بعد میں آنے والے انہیں نظر انداز بھی کر سکتے ہیں۔اس کے بارے میں چوہدری صاحب کی یہ تجویز تھی کہ ان یقین دہانیوں کو ان بنیادی اصولوں میں شامل کر لیا جائے جو ابھی تیار ہونے تھے۔اور پھر ان کو آئین کی دفعات کی شکل دے دی جائے تا کہ اقلیتوں کے تمام خدشات کے بارے میں آئین میں ضمانت دے دی جائے۔

یہ ایک افسوسناک حقیقت ہے کہ ٹھوس تجاویز کی کمیٹی کی بحث زیادہ تر مختلف صوبوں کی نمائندگی کے تناسب کے ارد گرد ہی گھومتی رہی اور بنیادی حقوق کی حفاظت کا سوال بہت پیچھے چلا گیا۔اور آپس کے اختلافات کی وجہ سے آئین سازی کا کام بھی عملاً 1956ء تک مکمل نہ ہوسکا۔آئین کی تمہید (Preamble) کی کسی مبہم تشریح کی بناء پر آئین میں موجود ٹھوس شقوں کی نفی نہیں ہوسکتی۔اگر کسی امر کو آئین کی دفعات میں تحفظ حاصل ہے تو آئین کی تمہید کچھ نہیں کرسکتی۔مثلاً آئر لینڈ کے آئین کا Preamble اس طرح ہے۔

In the Name of the Most Holy Trinity, from Whom is all authority and to Whom, as our final end, all actions both of men and States must be referred,

We, the people of ire,

Humbly acknowledging all our obligations to our Divine Lord, Jesus Christ, Who sustained our fathers through centuries of trial,

Gratefully remembering their heroic and unremitting struggle to regain the rightful independence of our Nation,

